# 106455 ـ ایک مریض کو تسلسل کے ساتھ دوا چاہیے تو وہ روزوں کا کیا کرے؟

**سوال**

ایک شخص کو عارضہ قلب لاحق ہے، اور اسے تسلسل کے ساتھ دوا چاہیے، تقریبا ہر آٹھ یا چھ گھنٹے کے بعد اس پر دوا کھانا لازم ہے، تو کیا اس سے روزہ ساقط ہو جائے گا؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

"جی ہاں اس سے روزہ ساقط ہو جائے گا، اور وہ ہر دن کے بدلے میں ایک مسکین کو کھانا کھلائے گا، چنانچہ اگر چاہے تو وہ ہر مسکین کو ایک صاع کا چوتھائی حصہ چاول دے دے، اور اگر اس کے ساتھ گوشت بھی شامل کر لے تو یہ اچھا ہو گا، اور اگر چاہے تو پھر رمضان کی آخری رات میں اتنے ہی مساکین کو رات کا کھانا کھلا دے، یا پھر رمضان کے بعد کسی بھی دن میں انہیں دوپہر کا کھانا کھلا دے، یہ سب صورتیں جائز ہیں۔" ختم شد
"مجموع فتاوی ابن عثیمین" روزوں سے متعلقہ فتاوی(126) ۔

واللہ اعلم